# عمامہ ہر وقت پہنے رکھنا سنت ہے ؟

دارالافتاء اہلسنت (دعوت اسلامی)

## سوال

کیا عمامہ ہر وقت پہنے رکھنا سنت ہے ؟

## جواب

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِکِ الْوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَۃَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

جی ہاں! عام حالات میں عمامہ پہننا مردوں کے لئے سنت ہے خصوصاً نماز میں کہ جو نماز عمامہ کے ساتھ پڑھی جاتی ہے، اس کا ثواب بہت زیادہ ہوتا ہے۔ البتہ احرام کی حالت میں عمامہ پہننا جائز نہیں کیونکہ احرام کی حالت میں سر کھلا رکھنا ضروری ہے۔

صدرالشریعہ مفتی امجد علی اعظمی علیہ الرحمہ لکھتے ہیں: ”عمامہ باندھنا سنت ہے، خصوصاً نماز میں کہ جو نماز عمامہ کے ساتھ پڑھی جاتی ہے، اس کا ثواب بہت زیادہ ہوتا ہے۔“ (بہار شریعت، جلد3، حصہ16، صفحہ418، مکتبۃ المدینہ، کراچی)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

**مجیب:** مولانا سید مسعود علی عطاری مدنی

**فتوی نمبر:** Web-2242

**تاریخ اجراء:** 10شوال المکرم1446ھ/09اپریل2025ء


Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.fatwaqa.com | daruliftaahlesunnat | DaruliftaAhlesunnat

Dar-ul-ifta AhleSunnat | feedback@daruliftaahlesunnat.net